عالمانہ مگر عام فہم تعارف وغیرہ۔

اردو اور عربی میں صحیح بخاری کی بہت سی شروح ملتی ہیں۔ لیکن معین القاری، صحیح بخاری کی ایسی شرح ہے جسے عصرِ حاضر میں دستیاب جملہ شروح میں وہی مقام حاصل ہے جو قرآن پاک کی تفاسیر میں تفہیم القرآن کو حاصل ہے۔

معین القاری کا اندازِ بیان محض علمی اور تحقیقی ہے، مناظرانہ نہیں ہے۔ فقہی اختلافات بیان کرتے ہوئے، اپنے زمانے کے مکاتب فکر میں سے کسی پر طعن و تشنیع نہیں کی گئی۔ اس لیے تمام مدارس و مکاتب فکر کے علما و طلبہ اور عامۃ المسلمین بلاتردد اس سے استفادہ کرسکتے ہیں۔

ابتدا میں حضرت مولانا معین الدین خٹکؒ اور ان کے استاذ حضرت مولانا فخرالدینؒ کے سوانح اور مقدمے کے ساتھ بدء الوحی کی احادیث کی تشریح دی گئی ہے۔ مقدمے میں حدیث کی تعریفات اوّلیہ اور حجیتِ حدیث (از مولانا محمد عارف)، منکرین حدیث کے اعتراضات کا تجزیہ (از مولانا معین الدین خٹکؒ)، حدیث کا معیار، روایت و درایت، حدیث کی اصطلاحات، حدیث معنعن، حدیث منقطع، حدیث معضل، حدیث معلق، اصح الکتب کے بعد کتاب اللہ کی توضیح، مسالک اربعہ میں فرق اور صحاح ستہ کی خصوصیات بیان کی گئی ہیں۔ گویا اس شرح کی حیثیت انسائی کلوپیڈیا کی ہے۔ یہ نہ صرف دینی اور اسلامی تحریک کے وابستگان، بلکہ جدید تعلیم یافتہ طبقے، بلکہ دینی مدارس کے اساتذہ، صحیح بخاری کے پڑھانے والے شیوخ اور پڑھنے والے طلبہ کے لیے بھی ایک قیمتی تحفہ اور زادِراہ ثابت ہوگی۔ (مولانا عبدالمالک)

First Things First [پہلی بات پہلے]، خالد بیگ۔ ملنے کا پتا: www.albalaghbookstore.com صفحات: ۴۲۰۔ قیمت: ۲۰ ڈالر، پاکستان کے لیے رعایتی قیمت: ۶ سو روپے۔

متلاشی ذہنوں اور مضطرب دلوں کے لیے خالد بیگ کے کالم، اب کتابی شکل میں پیش کردیے گئے ہیں۔ وہ یہ کالم First Thing First کے عنوان سے دسمبر ۱۹۹۵ء سے *Impact* لندن میں لکھ رہے ہیں۔ اس کالم میں عصرحاضر سے متعلق اسلامی موضوعات کا ایک وسیع دائرہ